QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 124

کوئٹہ:18 نومبر 2025ء۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اپنے زیر انتظام صوبہ کے تمام علاقوں میں صارفین کو بجلی فراہمی کیلئے کوشاں ہے اور تمام صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے مزید اقدامات کر رہی ہے۔اس سلسلے میں وفاقی وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی خصوصی احکامات کی روشنی میں صارفین کی سہولت اور عوامی مطالبہ کے پیش نظر لوڈشیڈنگ فری منصوبہ پر بھی کام جاری ہے ۔جس کیلئے کیسکو ٹیموں کی جانب سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کے ڈسٹری بیوشن لائنوں (یعنی 11kv فیڈروں) کو مرحلہ وار بجلی چوری سے پاک کرنے پر کام شروع کیا گیا اور سب ڈویژن کی سطح پر کوئٹہ شہر میں کچھ فیڈروں کا انتخاب کر کے اسپیشل کامبنگ یعنی میٹروں کی نمایاں جگہ پر دوبارہ تنصیب یقینی بنا دیا گیا۔ان اقدامات سے بجلی چوری کی روک تھام میں خاطر خواہ مدد ملنے کے علاوہ صارفین کو بلاتعطل بجلی فراہمی کی صورت میں براہ راست فائدہ حاصل ہو چکا ہے اور کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں نصب بجلی کے ڈائریکٹ کنڈے اور غیر قانونی کنکشنز کا خاتمہ کرنے کے بعد اُن 11kv فیڈروں سے لوڈشیڈنگ بھی ختم کر دی گئی ہے۔لہٰذا تمام صارفین اپنے بجلی بلوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ اپنے بقایاجات بھی جمع کرائیں تاکہ اُن کی بجلی فراہمی کے اوقات کار میں اضافہ کیا جا سکے۔

اسکے علاوہ کیسکو اپنے تمام صارفین کی شکایات کے بروقت ازالہ کیلئے بھی کام کر رہی ہے جس کے تحت صارفین بجلی کے نئے کنکشنز حاصل کرنے میں تاخیر اور بجلی بندش سے متعلق شکایات کیلئے اپنے متعلقہ دفتر کے ایگزیکٹو انجینئر کو تحریری طور پر درخواست ارسال کر سکتے ہیں نیز کیسکو اپنے صارفین کو آن لائن سہولت کے زریعے بھی نئے کنکشنز کی جلد فراہمی پر بھی کام شروع کر دیا ہے اور صارفین کی آگاہی کیلئے یہ بات بھی ضروری ہے کہ دستاویزات کی فراہمی اور ضروری کارروائی کے بعد متعلقہ دفتر کی جانب سے کم سے کم وقت میں نیا کنکشن نصب کیا جائے گا۔علاوہ ازیں کیسکو نے صارفین کی مزید آسانی کیلئے اُن کی شکایات کے اندراج اور فوری ازالے کیلئے بذریعہ واٹس ایپ نمبر ایک نئی سہولت کا آغاز کر دیا ہے تاکہ کم سے کم وقت میں صارفین کی شکایات کا ازالہ ممکن بنایا جا سکے۔اب صارفین بجلی سے متعلق شکایات کیلئے بذریعہ واٹس ایپ کیسکو کے آفیشل موبائل نمبر 03198088439 پر بجلی بل کی تصویر اور شناختی کارڈ کاپی کے ہمراہ اپنا ایکٹو موبائل نمبر ارسال کر کے رابطہ کر سکتے ہیں تاکہ صارف کی متعلقہ جگہ کی درست نشاندہی ہو سکیں اور کیسکو عملہ متعلقہ جگہ پر فوراً پہنچ کر بجلی بحالی کیلئے اقدامات کر سکیں۔اسکے ساتھ ساتھ صارفین بجلی بندش ، نئے کنکشنز کے حصول اور کسی بھی شکایات کیلئے اپنے بجلی بل اور شناختی کارڈ کاپی منسلک کر کے متعلقہ سب ڈویژن میں بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔لہٰذا کیسکو اپنے تمام صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ واٹس ایپ کے زریعے بجلی سے متعلق اپنی شکایات درج کروائیں تاکہ کم سے کم وقت میں اُن کا ازالہ کیا جا سکے جبکہ صارفین بجلی کے غیر قانونی استعمال سے بھی اجتناب کریں اور اپنے اردگرد بجلی چوروں کی نشاندہی کرنے میں کیسکو سے تعاون کریں تاکہ تمام صارفین کو اُسکے حصے کی جائز بجلی میسر ہو سکے۔

###